**03.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

.........................................................................

☆ صدر کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے تعلق سے لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں بحث ہوئی۔

☆ لوک سبھا میں حکومت نے بتایا کہ پچھلے مالی برس کے دوران، بے روزگاری کی اندازاً شرح کم ہوکر تین اعشاریہ دو فیصد ہوگئی ہے۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اگلے دو سے تین برس کے دوران 100 امرت بھارت، 50 نمو بھارت اور 200 وندے بھارت ریل گاڑیاں تیار کی جائیں گی۔

☆ دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم ختم ہوگئی ہے۔ تمام 70 اسمبلی حلقوں کیلئے بدھ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ شام کے Manbij شہر کے مضافات میں ایک کار بم دھماکے میں 19 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ اور 38ویں قومی کھیلوں میں، پنجاب کی صفت کور سمرا نے دہرہ دون میں خواتین کے پچاس میٹر رائفل تین پوزیشن میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### RS Motion of Thanks

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے تعلق سے راجیہ سبھا میں بحث ہوئی۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے BJP کی ممبر پارلیمنٹ کرن چودھری نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کی آمدنی کو دوگنا کرنے کیلئے بڑے اقدامات کئے ہیں۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے کہ اپوزیشن زرعی سیکٹر کیلئے کی گئی سرکاری کوششوں کے تعلق سے سرکار کے خلاف چھوٹی مہم چلا رہی ہے، انھوں نے کہا کہ اِس کے بجائے UPA حکومت میں ڈاکٹر سوامی ناتھن کمیٹی کی تجاویز کو ٹھنڈے بستے میں ڈال دیا تھا۔ انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے کئی اقدامات کئے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کسانوں کو ان کی پیداوار کیلئے زیادہ آمدنی ملے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ملک حقیقی اعتبار سے وکست بھارت کی جانب بڑھ رہا ہے۔

اپوزیشن کے لیڈر اور کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بے روزگاری، ضروری اشیا کی قیمتوں میں اضافے، امریکی ڈالر کے مقابلے بھارتی روپئے کی قدر میں کمی کے معاملات اٹھائے۔ انھوں نے حکومت پر ہر سال دو کروڑ

ملازمت کے مواقع مہیا کرانے کے اپنے وعدے کو پورا نہ کرنے کا الزام لگایا۔ راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر نے ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کا مطالبہ کیا۔ جناب کھڑگے نے کہا کہ حکومت کے مختلف محکموں میں بڑی تعداد میں آسامیاں خالی پڑی ہیں لیکن اُنھیں بھرا نہیں گیا ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ ملک میں کسان حکومت کی جانب سے اُن کی طرف توجہ کی کمی کے سبب خودکشی کر رہے ہیں۔ انھوں نے درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے خلاف مبینہ زیادتیوں کا معاملہ بھی اٹھایا۔

بحث میں مداخلت کرتے ہوئے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے جناب کھڑگے کے اِس الزام کا جواب دیا کہ کسان خودکشی کر رہے ہیں۔ جناب گوئل نے کہا کہ NCRB کے اعدادوشمار کے مطابق UPA کے دورِ حکومت کے دس برس میں خودکشی کرنے والے کسانوں کی تعداد NDA کے دورِ حکومت کے دس برس کے مقابلے 57 فیصد زیادہ تھی۔ انھوں نے اپوزیشن لیڈر پر مہاکنبھ کے حالیہ واقعے پر سیاست کرنے کا الزام بھی لگایا۔TMC کے ممبر پارلیمنٹ ڈیرک اوبرائن نے زراعت اور بے روزگاری اور خواتین کی ریزرویشن کے معاملات اٹھائے۔ انھوں نے کہا کہ NDA کے پچھلے پانچ برسوں میں زرعی اجرتوں میں بہت معمولی اضافہ ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پانچ میں سے دس کسان قرضے میں ڈوبے ہیں اور اُن کسانوں کیلئے کوئی قانونی ضمانت نہیں ہے۔DMK کے ایم شنموگم نے مرکز پر تمل ناڈو میں میٹرو اور بنیادی ڈھانچے کے مختلف پروجیکٹوں جیسے مطالبات پر توجہ نہ دینے کا الزام لگایا۔BJD کے سبھاشیش کھُنٹیا نے الزام لگایا کہ اقتصادی اور سماجی عدم مساوات میں اضافہ ہو رہا ہے اور نوجوان بے روزگاری سے نبرد آزما ہیں۔ YSRCP کے وی وائی سبّا ریڈی نے مرکز سے مطالبہ کیا کہ وہ پولاوَرم آبپاشی پروجیکٹ کے دوسرے نظرثانی شدہ لاگت کے اخراجات کو جلد سے جلد منظوری دے۔

شیوسینا کے ملند دیورا نے کہا کہ نریندر مودی حکومت کو تیسری مدت کیلئے، ملک کے عوام نے اقتدار کا جو مینڈیٹ دیا ہے وہ ظاہر کرتا ہے کہ عوام اِس حکومت کی پالیسیوں اور تصور میں اپنے یقین کو پختہ کر رہے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ صدر کے خطاب اور مرکزی بجٹ میں بھارت کے سامنے موجود چیلنجوں اور مواقع کا احاطہ کیا ہے۔AIADMK کے ڈاکٹر ایم تھمبی دورائی نے بالمیکی اور تمل ناڈو کے ماہی گیری کرنے والے فرقوں کو قبائلی زمرے میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا۔

اس کے علاوہ، YSRCP کے سبھاش چندر بوس پلّی، AGP کے وریندر پرساد Baishya، بی جے ڈی کے سُلاتا دیو اور BJP کے رام چندر اور بنسی لال گوجر سمیت دیگر ممبران نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ البتہ BJP کے ممبر پارلیمنٹ جناب گوجر وقت کی کمی کے باعث اپنی تقریر پوری نہیں کرسکے اب وہ کل اپنی بات پیش کریں گے۔ بعد میں ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ شکریے کی تحریک پر بحث جاری ہے۔x

## LS Motion of Tanks

لوک سبھا میں پارلیمنٹ کے مشترکہ ایوان سے صدر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک کے سلسلے میں بحث جاری ہے۔ بحث کے دوران اپوزیشن کے لیڈر اور کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ راہل گاندھی نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ کی تقریر ویسی ہی تھی، جیسی پچھلے برسوں میں دی جاتی رہی ہے۔ جناب گاندھی نے کہا کہ بے روزگاری کا مسئلہ اب بھی برقرار

ہے اور حکومت اِس سے، باوجود اس کے نمٹنے میں ناکام رہی ہے کہ ملک ترقی کررہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت کا اہم ترین پروگرام ''میک اِن انڈیا'' تصور کے اعتبار سے ایک اچھا خیال تھا لیکن حکومت اِسے موثر طور پر نافذ نہیں کرپائی۔ اِس سے قبل ، تحریک پیش کرتے ہوئے، BJP کے رام ویر سنگھ بِدھوری نے نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کی جانب سے کئے گئے کام اور عوامی بہبود کی اسکیمیں گنوائیں۔

انہوں نے عام آدمی پارٹی کی حکمرانی والی دلّی سرکار پر حملہ کیا کہ وہ مبینہ طور پر مختلف مرکزی سرکار کی اسکیموں جیسے آیوشمان بھارت، اور پردھان منتری آواس یوجنا کو قومی راجدھانی میں نافذ نہیں کررہی ہے اور اِس طرح وہ بنیادی حفظانِ صحت، مکان اور دیگر سہولیات سے عوام کو محروم کررہی ہے۔ انہوں نے شہر میں سڑکوں کی خراب حالت ، فضائی آلودگی اور عوامی ٹرانسپورٹ کی سہولیات سے متعلق مسائل کو بھی اٹھایا۔ BJP کے ممبر نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال پر یہ الزام بھی لگایا کہ انہوں نے دلّی کے وزیر اعلیٰ کے طور پر اپنی سرکاری رہائش گاہ پر آسائشوں کیلئے اخراجات کئے ہیں۔ حکومت نے لوک سبھا کو اطلاع دی کہ پچھلے مالی برس کے دوران بے روزگاری کی شرح کا اندازہ پانچ برس پہلے کے چھ فیصد سے گھٹ کر تین اعشاریہ دو فیصد ہوگیا ہے۔

ایک تحریری جواب میں لیبر اور روزگار کی وزیرِ مملکت شوبھا کراندلاجے نے اطلاع دی کہ مزدوروں کی افرادی قوت کے متعلق وقفے وقفے سے ہونے والے سروے PLFS سے اشارہ ملتا ہے کہ 15 سال اور اُس سے زیادہ کی عمر والے افراد کے درمیان بے روزگاری کی شرح میں کمی آئی ہے۔ اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ حکومت نے روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے کئی اسکیموں اور پروگراموں پر عمل کیا ہے، وزیر موصوف نے کہا کہ موجودہ مالی برس کے دوران PM پیکیج کے تحت پانچ اسکیموں کا اعلان کیا گیا ہے تاکہ اگلے پانچ برس کے دوران چار کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کو روزگار ، کاریگری اور مواقعے کی سہولیات مل سکیں۔ x

## Ashwini Vaishnaw Brifeing

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اگلے دو سے تین برس کے دوران 100 امرت بھارت، 50 نمو بھارت اور 200 وندے بھارت ریل گاڑیاں، جن میں سلیپر اور چیئرکار دونوں ہی شامل ہیں، تیار کی جائیں گی۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے بتایا کہ مرکزی بجٹ 26-2025 میں بھارتی ریلویز کیلئے دو اعشاریہ پانچ دو لاکھ کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ میں ریلوے کے تحفظ کیلئے ایک لاکھ 16 ہزار کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ جناب ویشنو نے یہ اعلان بھی کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں ریلوے کی سہولیات کو جدید ترین بنانے اور وسعت دینے کے کام کو ایک بڑے مشن کے طور پر لیا ہے اور اِس کیلئے 13 ہزار 955 کروڑ روپئے کی رقم مختص کی گئی ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ ریلوے نے مغربی بنگال میں 68 ہزار کروڑ روپئے کی بڑی سرمایہ کاری کی ہے۔

S/B 2100 Vaishnaw West Bengal

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ مغربی بنگال میں فی الوقت 9 وندے بھارت ریل گاڑیاں چلائی جارہی ہیں۔

S/B 2100 Vaishnaw New WB Trains

**Rail Jharkhand**

جھارکھنڈ پر جناب ویشنو نے کہا کہ ریلویز نے ریاست میں 60 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔
پیش ہے ہمارے رانچی کے نمائندے کی خصوصی رپورٹ...

SB - 2100 - Shilpi - Jharkhand - 40 Sec.

VC - Shilpi

جھارکھنڈ کو آنے والے مالی سال 26-2025 کے مرکزی بجٹ میں ریلوے کی وزارت کی جانب سے سات ہزار 302 کروڑ روپے کا حصہ موصول ہوا ہے۔ سال 2014 سے سال 2025 کے درمیان موصول رقم ، سال 2009 سے 2014 کے درمیان موصول 457 کروڑ روپے کی سالانہ اوسط بجٹ رقم کے مقابلے ، 16 گنا زیادہ ہے۔ جھارکھنڈ میں سال 2014 سے قریب ایک ہزار 311 کلومیٹر کی نئی ریل پٹریاں بچھائی گئی ہیں۔ وہیں ریلوے نیٹ ورک کی 100 فیصد بجلی کاری کا ہدف بھی حاصل کرلیا گیا ہے۔
رانچی سے Shilpi کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

**Delhi Polls**

دلّی میں آنے والے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج ختم ہوگئی۔ BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے لیڈروں، امیدواروں اور چناؤ مہم چلانے والی اہم شخصیات نے شہر بھر میں روڈ شوز، گھرگھر جاکر چلائے جانے والی مہم اور عوامی جلسوں کے ساتھ ووٹروں کو راغب کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ کُل 699 امیدوار میدان میں ہیں۔ 70 ارکان والی دلّی اسمبلی کیلئے انتخابات بدھ کو ہوں گے اور ووٹوں کی گنتی ہفتے کو ہوگی۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ دلّی میں BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے درمیان تین طرفہ مقابلہ ہو رہا ہے۔

VC Suparna

دلّی میں اسمبلی انتخابات کیلئے بہت زور شور کے ساتھ چناؤ مہم چلائی گئی۔ آج BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جنگ پورہ، Bijwasan اور دوارکا میں پارٹی امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ BJP کے صدر جے پی نڈا نے براڑی اسمبلی حلقے میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔عام آدمی پارٹی کے سینئر لیڈر اور پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان نے آدرش نگر، شکوربستی اور شالیمار باغ اسمبلی حلقوں میں روڈ شو کئے۔ عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروندکجریوال نے بھی چھترپور اور کالکا جی اسمبلی حلقوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔کانگریس کی سینئر لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے جنگ پورہ میں گھر گھر جاکر چناؤ مہم چلائی اور کستوربا نگر علاقے میں روڈ شو کیا۔ نئی دلّی سے سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

**Mahakumbh Basant Panchami**

اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ سے...

Kumbh Opening Montage

مہاکنبھ میں بسنت پنچمی کے موقع پر سنگم میں تیسرے امرت اسنان کے دوران آج دو کروڑ 33 لاکھ سے زیادہ عقیدتمندوں نے پوتر ڈبکی لگائی۔ امرت اسنان ، مہاکنبھ میلے کی بے حد اہم اور پوِتر رسم ہے۔ پہلے دو امرت اسنان مَکر سنکرانتی اور مونی اماوسیہ کے موقع پر ہوئے تھے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

Capsule - 2100 - Aman Mahakumbh

## Russia Delegation

روسی فیڈریشن کے پارلیمانی وفد نے آج نئی دلّی میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے راشٹرپتی بھون میں ملاقات کی۔ اِس وفد کی قیادت روس کی State Duma کے چیئرمین Vyacheslav Volodin کررہے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے وفد کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نمائندوں کے درمیان اِس نوعیت کے تبادلوں سے نہ صرف مضبوط اشتراک کو تقویت ملتی ہے، بلکہ یہ شراکت داری کو موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہنے اور تازہ ترین صورتحال سے واقف رکھنے میں مدد کرتی ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ لگاتار رابطوں کا مثبت اثر ، وسیع پیمانے پر ''بھارت-روس خصوصی اور انتہائی کلیدی نوعیت کی اسٹریٹیجک ساجھیداری'' پر دیکھا جاسکتا ہے۔
صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان قیادت کی سطح پر لگاتار رابطے ہوتے رہتے ہیں۔ دونوں ملکوں کی پارلیمنٹ کے درمیان تعاون بھی کافی اچھا رہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ بین پارلیمانی کمیشن جیسے نظام نے اشتراک کو آسان بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ مرمو نے بھارت اور روس کے نوجوان اور خواتین اراکینِ پارلیمنٹ کے درمیان قریبی رابطوں پر خصوصی توجہ دینے کی بات پر زور دیا۔ x

## Jaishankar Rahul

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپوزیشن لیڈر اور کانگریس رکنِ پارلیمنٹ راہل گاندھی پر الزام لگایا کہ وہ اُن کے گذشتہ سال دسمبر میں ہوئے امریکی دورے کے بارے میں جان بوجھ کر غلط بیانی کررہے ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب جے شنکر نے کہا کہ وہ امریکی وزیرِ خارجہ اور بائیڈن انتظامیہ کے قومی سلامتی کے مشیر سے ملاقات کیلئے امریکہ گئے تھے۔ اِس دوران انہوں نے بھارتی قونصلر جنرل کے اجتماع کی صدارت کی اور امریکی قومی سلامتی کے نامزد مشیر سے ملاقات کی۔ وزیرِ خارجہ نے زور دے کر کہا کہ دورے کے کسی بھی مرحلے میں وزیر اعظم کو دعوت دینے سے متعلق تبادلۂ خیال نہیں کیا گیا۔
انہوں نے مزید کہا کہ یہ بات ہر کسی کے علم میں ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی ، اِس طرح کی تقریبات میں شرکت نہیں کرتے اور بھارت کی نمائندگی خصوصی سفیروں کے ذریعے کی جاتی ہے۔ جناب جے شنکر نے دعویٰ کیا کہ جناب گاندھی کی غلط بیانی کے پیچھے سیاست کارفرما ہوسکتی ہے تاہم اِس سے بیرونی ممالک میں بھارت کی ساکھ متاثر ہوتی ہے۔ x

## E-Sharam Portal

پچھلے ماہ کی 28 تاریخ تک ای-شرم پورٹل پر 30 کروڑ 58 لاکھ غیر منظّم کارکنوں نے اپنے نام درج کرائے۔ لیبر اور روزگار کے وزیر نے اطلاع دی کہ پچھلے برس پہلی جنوری سے 31 دسمبر تک ای-شرم پورٹل پر ایک کروڑ 23 لاکھ رجسٹریشن کرائے گئے تھے، جو 33 ہزار 700 کی یومیہ اوسط اندراج ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں کی 12 اسکیموں کو پورٹل کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے جس تک 22 بھارتی زبانوں میں رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ وزیر موصوف نے غیرمنظّم کارکنوں کے ایک جامع قومی ڈاٹا بیس کی تشکیل کیلئے 20 اگست 2021 کو پورٹل کا افتتاح کیا تھا جو آدھار سے جڑا ہوا ہے۔ یہ پورٹل غیرمنظّم کارکنوں کیلئے ایک ہی جگہ پر تمام حل فراہم کرنے کے مقصد سے ہے۔x

## Syria Blast

شام کے شمال میں واقع ایک شہر کے مضافات میں ایک کار بم دھماکے میں آج کم از کم 19 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ مہلوکین میں 18 خواتین اور ایک مرد شامل ہے۔ شام کی مقامی شہری دفاع کے مطابق 15 دیگر خواتین زخمی بھی ہوئی ہیں جن میں سے کچھ کی حالت تشویشناک ہے۔ دھماکہ خیز اشیا سے لدی ایک کار اُس گاڑی کے قریب پہنچ کر دھماکے سے اُڑ گئی جس میں زرعی شعبے سے وابستہ خواتین کارکن سوار تھیں۔ یہ واقعہ Manbij شہر کے مضافات میں پیش آیا۔ ابھی تک کسی گروپ نے دھماکے کی ذمے داری قبول نہیں کی ہے۔x

## National Games 2025

پنجاب کی صفت کور سمرا نے آج دہرہ دون میں 38ویں قومی کھیلوں میں خواتین کے 50 میٹر تین پوزیشن کھیل میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کے دس میٹر کے پستول مقابلے میں کرناٹک کے جوناتھن اینتھنی نے بھی سونے کا تمغہ جیتا۔ قومی کھیلوں میں فی الوقت 'سروسز' تمغوں کی فہرست میں سب سے اوپر ہے۔ کرناٹک دوسرے نمبر پر اور مہاراشٹر تیسرے مقام پر ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆